سبق-6

# سَمجھ داری

4205CH06

وقار دوسری جماعت میں پڑھتا تھا۔ایک دِن اس نے اپنے والِد سے بیس روپیے مانگے۔اُس کے والِد نے پُوچھا،''بیٹا! تم بیس روپیوں کا کیا کروگے؟''

وقار : ابّا مجھے اِن روپیوں کی ضرورت ہے۔مجھے ایک کاپی،ایک پنسل،ایک رَبر اور ایک پنسل تراش خریدنا ہے۔

والِد : اچھّا ٹھیک ہے۔میں کل تمھیں یہ سب چیزیں خرید کردے دوں گا۔

وقار : ابّا! مجھے تو اِن چیزوں کی ابھی ضرورت ہے۔مجھے اسکول کا کام کرنا ہے۔



© NCERT not to be republished

والِد : لیکن بیٹا! کیا تم یہ سب چیزیں خود خرید لو گے؟ کیا تمھیں روپیوں کو جوڑنا اور گھٹانا آتا ہے؟

وقار : جی ہاں! مجھے روپیوں کو جوڑنا اور گھٹانا اچھّی طرح آتا ہے۔

والِد : (مسکرا کر) اچھّا! ذرا یہ تو بتاؤ کہ ان روپیوں سے تم یہ چیزیں کِس کِس طرح خریدو گے؟

وقار : اِن بیس روپیوں سے آٹھ روپیے کی ایک کاپی، دو روپیے کی پنسل، ایک روپیے کا ربر اور تین روپیے کا پنسل تراش خریدوں گا۔

والِد : بیٹا! اب جوڑ کر بتاؤ کہ کُل کتنے روپیے ہوئے؟

وقار : (سوچ کر) آٹھ روپیے کی کاپی، دو روپیے کی پنسل۔ یہ ہوئے دس روپیے۔ اب اِن دس روپیوں میں ایک روپیہ ربر کا جوڑا تو ہو گئے گیارہ



© NCERT not to be republished

روپیے۔ اِن گیارہ روپیوں میں تین روپیے پنسل تراش کے جوڑے تو
کُل ہوئے چودہ روپیے۔

والِد : شاباش بیٹا! تم نے بالکل ٹھیک حساب لگایا ہے۔ اچھّا تو یہ بتاؤ کہ بیس روپیے میں سے تم نے چودہ روپیے کا سامان خرید لیا۔ اب تمھارے پاس کتنے روپیے باقی بچے؟

وقار : (اُنگلیوں پر گِنتے ہوئے) بیس روپیے میں سے چودہ روپیے گھٹائے تو چھے روپیے باقی بچے۔

والِد : (خوش ہوکر) تمھیں تو جوڑنا اور گھٹانا خوب آتا ہے۔ یہ لو بیس روپیے اور سبھی چیزیں خرید کر لے آؤ۔

© NCERT not to be republished

## مشق



پڑھیے اور سمجھیے۔

| | |
|---|---|
| ہوشیار : | سمجھدار |
| یقین : | بھروسہ |



## اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. وقار کس جماعت میں پڑھتا تھا؟
2. وقار نے اپنے والِد سے کتنے روپیے مانگے تھے؟
3. وقار کو کیا کیا چیزیں خریدنی تھیں؟
4. سب چیزیں خریدنے کے بعد وقار کے پاس کتنے روپیے باقی بچے؟
5. بیٹے سے صحیح حساب سُن کر والِد نے کیا کہا؟



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

خوب | بیس | جماعت | اسکول | باقی

1. وقار دوسری ______ میں پڑھتا تھا۔
2. اس نے اپنے والد سے ______ روپیے مانگے۔
3. مجھے ______ کا کام کرنا ہے۔
4. اب تمھارے پاس کتنے روپیے ______ بچے۔
5. تمھیں تو جوڑنا اور گھٹانا ______ آتا ہے۔

© NCERT not to be republished



## حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. ب ی س = ..........................
2. ب ے ٹ ا = ..........................
3. ا س ک و ل = ..........................
4. ض ر و ر ت = ..........................
5. ج و ڑ ن ا = ..........................
6. ہ و ش ی ا ر = ..........................



## نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. پنسل = ☐☐☐☐
2. چیزیں = ☐☐☐☐☐
3. گھٹانا = ☐☐☐☐☐
4. شاباش = ☐☐☐☐☐
5. سامان = ☐☐☐☐☐

© NCERT not to be republished



## لفظوں کو دیکھ کر خالی خانوں میں صحیح حرف لکھیے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. مُجھے | = | م | | ے | | |
| 2. ٹھیک | = | ٹھ | | ک | | |
| 3. والِد | = | و | ا | | د | |
| 4. بیٹا | = | ب | | ٹ | ا | |
| 5. اسکول | = | ا | | ک | و | ل |



## نیچے لکھی باتیں کس نے کہیں؟ لکھیے۔

1. ''بیٹا تم بیس روپیوں کا کیا کروگے؟'' ________
2. ''ابّا مجھے ان روپیوں کی ضرورت ہے۔'' ________
3. ''میں کل تمھیں یہ سب چیزیں خرید کر دے دوں گا۔'' ________
4. ''مجھے اسکول کا کام کرنا ہے۔'' ________
5. ''اب جوڑ کر بتاؤ کہ کُل کتنے روپیے ہوئے؟'' ________

© NCERT not to be republished



## سبق کی مدد سے سامان کو ان کی قیمت سے ملایئے۔

| سامان | | قیمت |
|---|---|---|
| .1 |  | ایک روپیہ |
| .2 |  | تین روپے |
| .3 |  | دو روپے |
| .4 |  | آٹھ روپے |



## لفظوں کو ہندسوں سے ملایئے۔

| لفظ | ہندسہ |
|---|---|
| .1 بیس | 100 |
| .2 دس | 3 |
| .3 ایک | 20 |
| .4 سو | 1 |
| .5 تین | 10 |

© NCERT not to be republished



## 'الف' اور 'ب' کے حصّوں کو ملا کر جملے لکھیے۔

| الف | ب |
| --- | --- |
| 1. وقار دوسری جماعت | کام کرنا ہے۔ |
| 2. ابّا مجھے روپیوں | گھٹانا خوب آتا ہے۔ |
| 3. مجھے اسکول کا | میں پڑھتا تھا۔ |
| 4. تمھیں تو جوڑنا اور | کتنے روپیے باقی بچے؟ |
| 5. اب تمھارے پاس | کی ضرورت ہے۔ |

© NCERT not to be republished

جملہ:

1. ________________________________

2. ________________________________

3. ________________________________

4. ________________________________

5. ________________________________



## ہندسوں کو لفظوں میں لکھیے۔

| ہندسہ | | لفظ |
|---|---|---|
| 1. 14 | = | ________ |
| 2. 6 | = | ________ |
| 3. 2 | = | ________ |
| 4. 4 | = | ________ |
| 5. 8 | = | ________ |
| 6. 11 | = | ________ |



## نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف کی تعداد ان کے سامنے لکھیے۔

1. پنسل ______
2. ضرورت ______
3. جماعت ______
4. چیزیں ______
5. ہوشیار ______

© NCERT not to be republished



جس طرح 'جماعت' سے 'جماعتیں' اور 'پنسل' سے 'پنسلیں' بنتا ہے۔ اِسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں سے لفظ بنائیے۔

1. ضرورت = ________
2. چیز = ________
3. کتاب = ________
4. میز = ________
5. بات = ________



خوش خط لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جوڑنا | ____ | ____ | ____ | ____ | ____ |
| گھٹانا | ____ | ____ | ____ | ____ | ____ |
| خریدنا | ____ | ____ | ____ | ____ | ____ |
| بالکل | ____ | ____ | ____ | ____ | ____ |
| اُنگلی | ____ | ____ | ____ | ____ | ____ |

اپنے ساتھیوں کے ساتھ اس سبق پر ایک ڈراما کیجیے۔

© NCERT not to be republished